# ***نیا قانون***

**رہائشی عمارتوں میں سگریٹ نوشی کی بابت پالیسیوں کا افشاء**

## ***آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے***

## عمومی معلومات:

اگست 2017 میں نیو یارک سٹی نے Local Law (مقامی قانون) 147 پاس کیا، جو تین یا زائد رہائشی یونٹس والی رہائشی عمارتوں سے سگریٹ نوشی کی بابت ایک پالیسی بنانے اور موجودہ اور آئندہ کرایہ داروں کے ساتھ اس کا اشتراک یا ان کے سامنے اس کا افشاء کرنے کا متقاضی ہے۔ یہ رہنما اس قانون کا مقصد بتاتا ہے اور اس کے تقاضوں کو پورا کرنے کے طریقے کی بابت تجاویز پیش کرتا ہے۔

**NYC نے Local Law 147 کیوں پاس کیا؟**

- Local Law 147 سے نیو یارک کے باشندوں کو دوسروں کے دھوئیں کے خطروں سے بچانے میں مدد ملے گی۔ اس سے نیو یارک کے باشندوں کو جائے قیام کے بارے میں باخبر فیصلے کرنے میں بھی مدد ملے گی۔ دوسروں کا دھواں وہ دھواں ہوتا ہے جو کسی ایسے پروڈکٹس کے جلنے سے آتا ہے جسے سگریٹ نوشی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے یا جسے سگریٹ نوش افراد معدے میں اتارتے ہیں۔
- دوسروں کے دھوئیں کی کوئی محفوظ مقدار نہیں ہے؛ دوسروں کے دھوئیں کی زد میں آنے سے مخصوص امراض کا آپ کا خطرہ بڑھ سکتا ہے۔
- دوسروں کے دھوئیں کی زد میں آنے والے بالغ غیر سگریٹ نوش افراد کو فالج، دل کے مرض اور پھیپھڑے کے کینسر کے قدرے زیادہ خطرات ہوتے ہیں۔
- دوسروں کے دھوئیں کی زد میں آنے والے بچوں کو دمہ کے دورے اور دوسری تنفسی بیماریوں، کان کے درمیانی حصے کے مرض اور شیر خوار بچوں میں اچانک موت کا سنڈروم (sudden infant death syndrome, SIDS) کے زیادہ خطرات ہوتے ہیں۔

**یہ قانون عمارت کے مالکان سے سگریٹ نوشی کی بابت ایک پالیسی بنانے اور موجودہ اور آئندہ کرایہ داروں کے ساتھ اس کا اشتراک کرنے کا متقاضی ہے۔ سگریٹ نوشی کی بابت پالیسی عمارت کے مالکان اور کرایہ داروں کے لیے کیوں اہم ہے؟**

- دھواں عام طور پر اپارٹمنٹس کے بیچ سفر کرتا رہتا ہے۔
- کرایہ داران یہ فیصلہ کر سکتے ہیں کہ آیا وہ سگریٹ نوشی کی بابت عمارت کی پالیسی پر مبنی عمارت میں رہنا چاہتے ہیں۔ اس سے کرایہ داروں کو گھر پر رہتے ہوئے دوسروں کے دھوئیں کی زد میں آنے کے اپنے خطرے کو سمجھنے میں مدد ملے گی۔
- یہ معلومات چھوٹے بچوں کے والدین اور ان دیگر لوگوں جیسے عمر رسیدہ بالغان کے لیے اہم ہیں جو زیادہ وقت گھر پر گزارتے ہیں۔ گھر پر زیادہ وقت گزرنے کا مطلب ہو سکتا ہے دوسروں کے دھوئیں کی زد میں زیادہ آنا۔

## تعمیل کیسے کریں

**اس قانون کا تقاضا کیا ہے؟**

اس قانون کا تقاضا ہے کہ تین یا زائد رہائشی یونٹس والی عمارتوں کے مالکان:

- سگریٹ نوشی کی بابت ایک پالیسی بنائیں اور موجودہ اور آئندہ کرایہ داروں کے ساتھ اس کا اشتراک کریں۔
- اندر اور باہر کے تمام مقامات سمیت، مکان میں جس جگہ سگریٹ نوشی کی اجازت ہے اور جس جگہ نہیں ہے اس کا اشتراک کریں۔ The Smoke-Free Air Act (دھوئیں سے پاک ہوا سے متعلق ایکٹ) اندر کے عمومی حصوں میں تمباکو اور غیر تمباکو والی مصنوعات پینے اور ای سگریٹس استعمال کرنے پر پابندی عائد کرتا ہے۔
- سگریٹ نوشی سے متعلق پالیسی کی ایک سالانہ اطلاع کرایہ داروں کو فراہم کریں۔
- اگر سگریٹ نوشی سے متعلق پالیسی تبدیل ہوتی ہے تو تمام کرایہ داروں کو نوٹس فراہم کریں۔

قانون رہائش کے دھوئیں سے پاک ہونے کا تقاضا **<u>نہیں کرتا</u>** ہے۔

- اگر عمارت دھوئیں سے پاک ہونے کا فیصلہ کرتی ہے تو پالیسی ہذا سگریٹ نوشی کرنے والے لوگوں پر عمارت میں رہنے پر پابندی **<u>نہیں لگائے</u>** گی؛ یہ گھر سمیت، عمارت میں کہیں بھی سگریٹ نوشی پر پابندی لگائے گی۔*
  - عمارت سگریٹ نوشی کی بابت پالیسی نئے کرایہ داروں پر لاگو کرنے، جبکہ موجودہ کرایہ داروں کو اپنے اپارٹمنٹس کے اندر سگریٹ نوشی کرتے رہنے کی اجازت دینے کا انتخاب کر سکتی ہے۔
  - عمارت یونٹس کے اندر صرف مخصوص قسموں کی سگریٹ نوشی پر پابندی لگانے (مثلاً ای سگریٹس نہیں بلکہ، تمباکو اور ماریجوآنا پر پابندی لگانے) کا انتخاب کر سکتی ہے۔

* عمارت دھوئیں سے پاک پالیسی کو اختیار کر سکتی ہے لیکن ایسی جگہ پر کرایہ مستحکم شدہ یا کرایہ زیر کنٹرول یونٹس کو مستثنی قرار دینا چاہیے جہاں باشندے پالیسی پر متفق نہ ہوں۔ نتیجتاً، وہاں پر کچھ دھوئیں سے پاک یونٹس اور کچھ مستثنی یونٹس والی ملی جلی عمارتیں ہو سکتی ہیں۔

**سگریٹ نوشی کی بابت پالیسی میں کیا چیز شامل ہونی چاہیے؟**

سگریٹ نوشی کی بابت پالیسی میں یہ شامل ہونا چاہیے کہ کہاں پر سگریٹ نوٹی کی اجازت نہیں ہے، سگریٹ نوشی کی کس قسم کی مصنوعات کی اجازت نہیں ہے نیز Smoke-Free Air Act کے بارے میں معلومات شامل ہونی چاہیے۔ آپ سگریٹ نوشی کی بابت عمارت کی پالیسی کا نمونہ https://www1.nyc.gov/assets/doh/downloads/pdf/smoke/smoking-sample-policy-residential.pdf. پر تلاش کر سکتے ہیں۔

**مجھے سگریٹ نوشی سے متعلق پالیسی کا انکشاف کس طرح کرنا چاہیے؟**

اگر آپ رہائشی عمارت کے مالک ہیں تو سگریٹ نوشی کی بابت پالیسیوں کا اشتراک درج ذیل طریقوں سے کیا جا سکتا ہے:

- تمام کرایہ داروں کو انفرادی طور پر تحریری شکل میں دی جائے ***<u>یا</u>***
- عمارت میں کسی مرئی مقام پر جیسے عمارت کی لابی میں پوسٹ کر دی جائے

سگریٹ نوشی کی بابت پالیسیاں تمام رہائشی یونٹس کی لیز میں اور رہائشی عمارتوں کی فروخت کے لیے لین دین سے متعلق دستاویزات میں، بشمول متعدد رہائشی یونٹس والی عمارتوں میں کونڈو اور کوپ (condos and coops) میں بھی ضم ہونا ضروری ہے۔

آپ کے کرایہ دار جس قسم کی پالیسی کی تائید کرتے ہیں اس کو سمجھنے کے لیے ان کا سروے کریں۔ آپ سروے کا ایک نمونہ http://www1.nyc.gov/assets/doh/downloads/pdf/epi/sample-smokefree-survey.pdf پر تلاش کر سکتے ہیں۔

**کیا عمارت کو سگریٹ نوشی کی بابت اپنی پالیسی کہیں اور رجسٹر کروانے کی ضرورت ہے؟**

نہیں۔ عمارتوں سے سگریٹ نوشی کی بابت اپنی پالیسیاں رجسٹر یا درج کروانے کا تقاضا نہیں کیا جاتا ہے۔

## <u>لاگت کے اعتبار سے مؤثر</u>

**اس پر کتنی لاگت آتی ہے؟**

عمارتوں پر کوئی اضافی لاگت آنے کی توقع نہیں ہے۔

**سگریٹ نوشی سے پاک عمارت کی پالیسی اپنانے کی امکانی لاگت کے اعتبار سے فوائد کیا ہیں؟**

- جب کوئی کرایہ دار منتقل ہو کر جاتا ہے تو سگریٹ نوشی سے پاک یونٹس کی ٹرن اوور کی لاگت (مکان کو نئے کرایہ دار کے لیے تیار کرنے کی لاگت) ہوتی ہے جو ان یونٹس کی بہ نسبت ہزاروں ڈالر کم ہوتی ہے جہاں سگریٹ نوشی کی اجازت ہوتی ہے۔
- دھوئیں سے پاک ہونے کی پالیسیاں سگریٹوں سے ہونے والی آتش زدگیوں کے خطرے کو کم کر سکتی ہیں جو کثیر یونٹس والی عمارتوں میں آتش زدگی کی سر فہرست وجہ ہوتی ہے اور NYC میں آتش زدگی سے متعلق موت کی سر فہرست وجہ ہوتی ہے۔

## مؤثر تاریخیں اور نفاذ

**یہ قانون کب مؤثر ہوگا؟**

یہ قانون 28 اگست 2018 سے مؤثر ہے۔

**اس قانون کو کون نافذ کرے گا؟**

- محکمۂ صحت Smoke-Free Air Act کی تعمیل پر نظر رکھ کر اس اصول کو نافذ کرے گا۔
- محکمۂ صحت عمارت کے ساتھ مخصوص پالیسیاں نافذ نہیں کرے گا۔ عمارت کے مالکان سے یہ یقینی بنانے کا تقاضا کیا جاتا ہے کہ کرایہ داران سگریٹ نوشی کی بابت ان کی پالیسی پر عمل کریں۔
- اگر عمارت کا کوئی مالک سگریٹ نوشی کی بابت پالیسی کا اشتراک مطلوبہ طریقوں سے نہیں کرتا ہے تو وہ $100 جرمانے کے سزاوار ہیں۔ اگر ایک ہی عمارت کے متعدد کرایہ داروں کو سگریٹ نوشی کی بابت پالیسی سے مطلع نہیں کیا جاتا ہے تو اسے ایک خلاف ورزی شمار کیا جائے گا۔
- اگر کرایہ داروں کو سگریٹ نوشی کی بابت پالیسی موصول نہیں ہوئی ہے یا قانون کے مؤثر ہونے کی تاریخ کے بعد اسے ان کی عمارت میں نمایاں مقام پر پوسٹ نہیں کیا گیا ہے تو وہ ***311 پر کال*** کر کے سگریٹ نوشی کی بابت پالیسی کے افشاء کے بارے میں پوچھ سکتے ہیں۔